ایک حکیم (دانا)کا بے مثال جواب

<"xml encoding="UTF-8?>

ایک حکیم (دانا)کا بے مثال جواب

قدیم حکمائ اور فلسفیوں میں سے کسی سے کیلئے منسوب ہے کہ اُس نے اسکندر رومی۔ مقدونی۔ سے کہا کہ ”تم ہمارے غلاموں کے غلام ہو۔“ اسکندر اعظم یہ بات سن کر برہم ہوگیا۔ اُس حکیم نے کہا کہ ”غصہ نہ کرو، تم اپنے غصے اور شہوت کے غلام ہو۔

تم جب بھی کسی چیز کو حاصل کرتے ہوتو اُس وقت بھی بے تاب اور مضطرب ہوتے ہو اور جب غصہ کرتے ہو تو اُس وقت بھی پریشانی و بے کلی کی کیفیت تم پر سوار رہتی ہے اور یہ شہوت و غضب کے مقابلے میں تمہاری غلامی کی علامت ہے جبکہ میری شہوت و غضب میرے غلام ہیں“۔

ممکن ہے کہ یہ قصہ صحیح ہو اور ممکن ہے کہ یہ بالکل حقیقت نہ رکھتا ہو لیکن اولیائے خدا ، پیغمبروں اور بشریت کیلئے خدائی ہدایت کی شاہراہ کے راہنماوں کیلئے یہ بات بالکل صادق آتی ہے۔ اِس کی زندہ مثالیں حضرت یوسف، حضرت ابراہیم اور حضرت موسی علیہم السلام ہیں اور اِ س کی متعدد مثالیں ہمیں اولیائے الٰہی کی زندگی میں نظر آتی ہیں۔

اہل عقل و خرد وہ انسان ہیں کہ جو اِن بزرگ ہستیواور اِن شجاع اور صاحب ارادہ و اختیار انسانوں کو اپنا آئیڈیل قرار دیتے ہیں اور اِس راستے پر گامزن ہو کر اپنے باطن میں اپنے ارادے و اختیار کے مالک بن جاتے ہیں۔

https://alhassanain.org/urdu/?com=book&id=41&view=download&format=pdf